# قومی و بین الاقوامی خبریں

## رانچی آر ایس ایس دفتر پٹرول بم حملہ کیس




رانچی، جھارکھنڈ: راجد حانی
رانچی کے نیوارن پور میں واقع آر ایس ایس (RSS) دفتر پر ہوئے پٹرول بم حملے کی جانچ اب مالیاتی لین دین (فنانشل ٹرانزیکشنز) تک پہنچ گئی ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) جمعرات کو اس معاملے سے جڑے مبینہ فنڈنگ کے زاویے کی جانچ کررہی ہے۔ ایجنسی نے دہلی، بہار، جھارکھنڈ اور کرناٹک میں چار مقامات پر بیک وقت تلاشی مہم شروع کی ہے۔ اس معاملے میں پریڈیکیٹ آفینس (بنیادی جرم) این آئی اے (NIA) کی طرف سے درج کیا گیا ہے۔ معلومات کے مطابق یہ چھاپے ماری ای ڈی کی دہلی ٹیم کی جانب سے کی جا رہی ہے۔

ای ڈی کی کارروائی دہلی، بہار، جھارکھنڈ اور کرناٹک میں چل رہی ہے۔ ایجنسی کی جانچ کا بنیادی محور این آئی اے کے کیس سے جڑے مبینہ مالی لین دین اور منی ٹریل پر ہے۔ معلومات کے مطابق جھارکھنڈ کے لوہردگا ضلع میں بھی تلاشی لی گئی ہے۔ فی الحال ای ڈی کی جانب سے یہ واضح نہیں کیا گیا ہے کہ جمعرات کی تلاشی میں کن لوگوں یا احاطے (پریمیسس) کو نشانہ بنایا گیا ہے اور اب تک کیا کیا برآمد ہوا ہے۔

ای ڈی ذرائع سے ملی معلومات کے مطابق یہ کارروائی 17 جون 2026 کی رات رانچی میں واقع آر ایس ایس دفتر پر ہوئے پٹرول بم حملے سے جڑے معاملے میں کی جا رہی ہے۔ رانچی پولیس کی ابتدائی جانچ کے مطابق دو افراد نے دفتر کے احاطے میں پٹرول بم پھینکے تھے۔ اس واقعے میں کوئی زخمی نہیں ہوا تھا اور نہ ہی دفتر کو کوئی بڑا نقصان پہنچا تھا۔

سی سی ٹی وی (CCTV) فوٹیج میں مشتبہ افراد کے دفتر کے پاس پہنچنے اور واقعے کے بعد وہاں سے فرار ہونے کی تصویریں سامنے آئی تھیں۔ رانچی پولیس نے معاملے میں کارروائی کرتے ہوئے ملزمین کو گرفتار کرلیا تھا۔ اس دوران سیف انصاری، امن انصاری اور صائم حسن کو گرفتار کیا گیا تھا۔

واقعے کی جانچ بعد میں قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے اپنے ہاتھ میں لے لی تھی۔ جولائی 2026 میں این آئی اے نے اس معاملے میں کئی

## ٹرمپ نے بھارت اور چین کو منشیات کی اسمگلنگ کرنے والے 23 بڑے ممالک میں شامل کردیا



واشنگٹن: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بدھ کے روز غیر قانونی افیون کی کاشت روکنے کے لیے وزیر اعظم نریندر مودی کی کوششوں کا خیر مقدم کیا۔ ساتھ ہی انہوں نے بھارت، چین اور پاکستان کو منشیات کی ترسیل اور غیر قانونی منشیات کی تیاری کے 23 بڑے ممالک کی فہرست میں شامل کیا اور ان ممالک کے رہنماؤں سے اس مسئلے پر بات چیت کی اپیل کی۔

امریکی کانگریس کے لیے جاری کیے گئے صدارتی فیصلے میں ٹرمپ نے کہا کہ انہیں امریکہ بھارت ڈرگ پالیسی فریم ورک کے تحت مسلسل تعاون کی امید ہے۔ بدھ کو جاری کیے گئے سرکاری حکم نامے میں انہوں نے کہا، میں غیر قانونی افیون کی کاشت روکنے اور سپلائی چین کی سالمیت کو مضبوط بنانے کے لیے وزیر اعظم مودی اور حکومت ہند کی کوششوں کا خیر مقدم کرتا ہوں۔

ٹرمپ نے یہ بھی واضح کیا کہ کسی ملک کا منشیات کی بڑی ترسیل یا غیر قانونی منشیات کی بڑے پیمانے پر پیداوار کرنے والے ممالک کی فہرست میں شامل ہونا اس ملک کی جغرافیائی، تجارتی اور اقتصادی حقیقتوں کا اعتراف ہے، نہ کہ اس کی حکومت کی دیانت داری کے بارے میں کوئی فیصلہ۔

صدارتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ امریکی قانون کے تحت ان ممالک کو اس فہرست میں اس لیے شامل کیا گیا ہے کیونکہ ان کے جغرافیائی، تجارتی اور اقتصادی حالات منشیات یا ممنوعہ کیمیکلز کی نقل وحرکت یا تیاری میں معاون ثابت ہوتے ہیں، چاہے متعلقہ حکومتوں نے منشیات کی روک تھام اور قانون کے نفاذ کے لیے سخت اور موثر اقدامات ہی کیوں نہ کیے ہوں۔

منشیات کی بڑی ترسیل یا غیر قانونی منشیات کی بڑے پیمانے پر تیاری کرنے والے دیگر ممالک میں افغانستان، بہاماس، بیلیز، بولیویا، برما، کولمبیا، کوسٹاریکا، ڈومینیکن ریپبلک، ایکواڈور، ایل سلواڈور، گوئٹے مالا، ہیٹی، ہونڈوراس، جمیکا، لاؤس، میکسیکو، نکاراگوا، پاناما، پیرو اور وینزویلا شامل ہیں۔

ٹرمپ نے منشیات کی اسمگلنگ اور نارکو ٹیررسٹ تنظیموں سے نمٹنے کے لیے اپنی انتظامیہ کی جانب سے کی گئی تاریخی پیش رفت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے اس پیش رفت کے ثبوت کے طور پر سرحدی سکیورٹی میں سختی، منشیات کی ضبطی میں کمی اور

## پاکستان مکہ معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریاں نبھانے کو تیار



اسلام آباد: پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مسلمانوں کے مقدس شہر مکہ کے قریب ڈرون حملے کی کوشش کے بعد پاکستان مکہ معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریاں نبھانے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

آصف نے یہ بیان بدھ کو جیو نیوز کو دیا۔ نیوز چینل کی ویب سائٹ پر ایک رپورٹ کے مطابق آصف نے کہا کہ مکہ معاہدہ ہم پر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے۔

پاکستان، ترکی اور سعودی عرب نے 7 اگست کو مکہ میں مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔

اس معاہدہ میں مشترکہ ڈیفنس کا ایک فریم ورک ہے۔ اس میں یہ شرط رکھی گئی ہے کہ تینوں میں سے کسی ایک کے خلاف مسلح حملہ تینوں کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔

بدھ کو آصف کا یہ بیان مقدس شہر مکہ سمیت سعودی عرب کے مغربی ساحل کے کئی علاقوں میں منگل کو سکیورٹی الرٹ جاری کیے جانے کے بعد سامنے آیا ہے۔ سعودی حکام کا کہنا ہے کہ ان کے فضائی دفاع نے شہر کے جنوب میں حوثیوں کے ایک ڈرون کو روک کر تباہ کردیا۔

سعودی حکام کے مطابق ڈرون کو مکہ کی ممنوعہ فضائی حدود میں داخل ہونے سے پہلے ہی تباہ کردیا گیا۔ تاہم حوثیوں نے مکہ یا کسی اسلامی مقدس مقام کو نشانہ بنانے کی تردید کی ہے۔

یہ واقعہ سعودی عرب اور ایران کے حمایت یافتہ گروپوں کے درمیان شدید کشیدگی کے درمیان پیش آیا ہے، جنہوں نے حال ہی میں سعودی سرزمین پر حملے کیے ہیں۔ حوثیوں کی پیش قدمی کے بعد بحیرہ احمر اور اس کے ارد گرد سمندری ٹریفک کو خطرہ لاحق ہے۔

جیو نیوز نے بدھ کے روز آصف کے حوالے سے کہا کہ "اگر مکہ پر حملہ ہوتا ہے تو اس کے تحفظ کے لیے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں ہے"۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان کو مقدس مقامات کی حفاظت کے لیے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ بغیر معاہدے کے بھی ان کی حفاظت کرنا اس کی ذمہ داری ہے۔

آصف نے کہا کہ مکہ معاہدہ میں یہ شامل ہے کہ اگر تینوں ممالک میں سے کسی کی علاقائی سالمیت یا جغرافیائی حدود کی خلاف ورزی کی گئی تو دونوں ممالک ایک دوسرے کا دفاع کریں گے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ اس (مکہ دفاعی معاہدے) کے استعمال کے بارے میں بالکل کوئی الجھن نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اپنی دفاعی یا فوجی حکمت عملی کی تفصیلات پر عوامی طور پر بات نہیں کرے گا۔

آصف نے یہ بھی کہا کہ پاکستان نے ملک پر حوثی حملوں کے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے سعودی عرب کا پیغام ایران کو پہنچایا ہے۔

آصف نے کہا، مجھے نہیں لگتا کہ ایران، ایک ملک کے طور پر، کوئی اور محاذ کھولے گا، اور مزید کہا کہ تہران پہلے ہی خطے میں تنازعات میں گھرا ہوا ہے۔

انہوں نے ایرانی حکومت اور غیر ریاستی گروپوں پر مشتمل غیر رسمی انتظامات میں فرق کرتے ہوئے کہا کہ ایسے گروپ کسی بھی ملک کی رسمی منظوری یا حمایت کا انتظار کیے بغیر کام کرسکتے ہیں۔

وزیر نے یہ بھی کہا کہ پاکستان تنازعات کو دوسرے علاقوں میں پھیلنے سے روکنے کے لیے کوششیں جاری رکھے گا۔

وسیع تر خطے میں سکیورٹی کی صورتحال کے بارے میں آصف نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان تین طرفہ دفاعی معاہدہ ایک ایسا انتظام تھا جو ممالک کی جانب سے اپنی سکیورٹی ضروریات کا اندازہ لگانے کے بعد سامنے آیا۔

انہوں نے کہا کہ خطے میں دیگر دفاعی انتظامات سامنے آسکتے ہیں لیکن اس بات پر زور دیا کہ یہ ان کا تجزیہ ہے اور کسی خاص پیش رفت پر مبنی نہیں ہے۔

آصف نے کہا کہ اگر خطے کے ممالک کو اپنی سکیورٹی بڑھانے پر مجبور کیا جائے تو وہ غیر ریاستی مسلح گروہوں کا مقابلہ کرنے کے لیے زیادہ قریبی تعاون کر سکتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ سمندری راستوں میں رکاوٹیں بشمول آبنائے ہرمز جو خلیج فارس کو خلیج عمان سے ملاتی ہے اور باب المندب جو بحیرہ احمر کو خلیج

## 1987 الیکشن میں مبینہ دھاندلی پر قرارداد، سجاد لون نے اسمبلی سیکریٹریٹ کو آڑے ہاتھوں لیا

سرینگر: پیپلز کانفرنس کے سربراہ اور ہندوارہ سے منتخب رکن اسمبلی سجاد لون نے الزام عائد کیا ہے کہ جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی سیکریٹریٹ نے 1987 کے انتخابات میں دھاندلی سے متعلق ان کی قرارداد پر خاموشی اختیار کررکھی ہے، جس پر انہوں نے اسمبلی سیکریٹریٹ کو خط لکھا ہے۔ ایم ایل اے ہندوارہ و سابق وزیر نے مزید کہا کہ انہوں نے گرمائی دارالحکومت سرینگر میں ہونے جا رہے خزاں اجلاس کے لیے قراردادوں کے سلسلے میں دو نوٹس جمع کرائے تھے۔

سجاد لون نے کہا: اسمبلی سیکریٹریٹ نے مجھے بتایا ہے کہ حالیہ بجلی ٹیرف میں اضافے کے خلاف میری قرارداد منظور کرلی گئی ہے، لیکن جموں و کشمیر کی تاریخ کے ایک اہم واقعے سے متعلق دوسری قرارداد پر خاموشی ہے۔ 1987 کے انتخابات میں دھاندلی سے متعلق میری قرارداد کے بارے میں مکمل خاموشی اختیار کی گئی ہے۔

سال 1987 کے اسمبلی انتخابات کو کشمیر کی سیاست میں ایک اہم موڑ سمجھا جاتا ہے اور عام طور پر انتخابی دھاندلی کو وادی کشمیر میں ملی ٹنسی شروع ہونے کی فوری وجہ گردانی جاتی ہے۔ سجاد لون کے والد مرحوم عبدالغنی لون نے ان انتخابات میں حصہ لیا تھا تاہم وہ نشست کو اپنے نام نہیں کر سکے تھے۔ سجاد لون اس سے قبل بھی انتخابی دھاندلی کی تحقیقات کا مطالبہ کرچکے ہیں اور انہوں نے اسے بعد میں پیدا ہونے والی بدامنی کا ذمہ دار قرار دیا تھا۔

ہندوارہ کے رکن اسمبلی کا مزید کہنا ہے کہ قانون ساز اسمبلی ایسا "ڈاک خانہ" نہیں بن سکتی جو صرف اپنی سہولت کے مطابق خطوط آگے بھیجے اور غیر موزوں خطوط کو چھپا لے۔ اسمبلی حکومت کی حامی کوریئر ایجنسی کے طور پر کام نہیں کرسکتی۔ یہ تمام ارکان اسمبلی کے حقوق اور جموں و کشمیر کے عوام کے ہم پر اعتماد کی محافظ ہے۔

## ایران نے جنگ بندی کیلئے براہ راست رابطہ کیا: ٹرمپ کا دعویٰ



امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بدھ کو کہا کہ ایران نے براہ راست واشنگٹن سے رابطہ کیا ہے اور وہ معاہدہ کرنا چاہتا ہے، کیونکہ انہوں نے جنگ کی موجودہ حالت کو اپنے اختتام کے قریب قرار دیا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ وہ کس مرحلے میں جنگ کو کیسے بیان کریں گے جس میں امریکہ ہے، تو ٹرمپ نے کہا: "امید ہے ہم جنگ کے خاتمے کی طرف ہیں۔" بعد ازاں ٹرمپ نے نارتھ کیرولائنا میں اترنے پر صحافیوں کو بتایا کہ ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے، اور ہم دیکھیں گے کہ یہ کیسے کام کرتا ہے۔

تاہم جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا انہوں نے ایران سے براہ راست یا ثالثوں کے ذریعے سنا ہے، تو ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے ان سے براہ راست سنا ہے۔ واضح رہے کہ یہ تبصرہ ایران اور امریکہ کے درمیان آبنائے ہرمز پر بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان سامنے آیا ہے، جبکہ جون میں دستخط شدہ ایک یادداشت میں وسیع تر امن معاہدے کے طور پر اسٹریٹجک آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے کا معاہدہ کیا گیا تھا۔

ذہن نشین رہے کہ امریکہ اور اسرائیل نے فروری میں ایران پر بڑے پیمانے پر حملے کیے، سرکاری عمارتوں، فوجی مقامات، میزائل انفراسٹرکچر اور فضائی دفاع کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ایران نے اسرائیل اور خطے میں امریکی اڈوں کے خلاف میزائل اور ڈرون حملے کیے۔ تنازع اس کے بعد سے پورے خطے میں پھیل گیا ہے، اس کے علاوہ ایران نے تیل کی آمدورفت کیلئے انتہائی اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز کو بند کردیا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دنیا میں تیل کا بحران پیدا ہوگیا، اور کچے تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوتا گیا، مزید برآں آبنائے ہرمز کو امریکہ اپنی تمام تر کوششوں کے بعد بھی کھلوانے میں ناکام رہا۔ جبکہ اس

## دہلی میں ووٹر لسٹ سے نام حذف کرنے کے خلاف درخواست پر سپریم کورٹ 21 ستمبر کو کرے گی سماعت

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے دہلی میں خصوصی جامع نظر ثانی (ایس آئی آر) کے دوران انتخابی فہرست سے ووٹروں کے نام حذف کیے جانے کے خلاف دائر درخواست پر 21 ستمبر کو سماعت کرنے پر رضامندی ظاہر کردی ہے۔ یہ معاملہ چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوی مالیا باگچی اور جسٹس وی موہنا پر مشتمل بنچ کے سامنے پیش ہوا۔ بنچ نے کہا کہ اس معاملے کی سماعت پیر، 21 ستمبر کو کی جائے گی، کیونکہ خصوصی جامع نظر ثانی سے متعلق دیگر درخواستیں بھی آئندہ ہفتے سماعت کے لیے فہرست میں شامل ہیں۔

درخواست گزار کی جانب سے پیش ہونے والے سینئر وکیل پرشانت بھوشن نے عدالت کو بتایا کہ دہلی میں انتخابی فہرست سے جن 47 لاکھ افراد کے نام حذف کیے گئے ہیں، ان میں سے 33 لاکھ افراد کو الیکشن کمیشن کی جانب سے نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ بھوشن نے عدالت میں دلیل دیتے ہوئے کہا کہ مسئلہ یہ ہے کہ الیکشن کمیشن نے ان افراد کے نام ظاہر نہیں کیے جنہیں نوٹس جاری کیے گئے ہیں، نہ ہی یہ بتایا گیا ہے کہ کن بنیادوں پر ان کے نام انتخابی فہرست سے حذف کیے گئے۔

انہوں نے کہا کہ یہ بھی واضح نہیں کیا گیا کہ کن افراد کو نوٹس بھیجے گئے، ان کے ریکارڈ میں کیا منطقی تضادات پائے گئے اور کن افراد کو انتخابی فہرست کے سابقہ ریکارڈ سے 'ان میپڈ' قرار دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے 31 اگست کو دہلی کی مسودہ انتخابی فہرست جاری کی تھی۔ اس کے مطابق تقریباً 1.45 کروڑ رجسٹرڈ ووٹروں کی فہرست میں سے 47 لاکھ ووٹروں کے نام حذف کیے گئے۔

## وزیر خارجہ ایس جے شنکر کا بھوٹان دورہ، اہم لیڈروں سے ملاقات



وزیر خارجہ ایس جے شنکر بدھ کو بھوٹان پہنچ گئے۔ ان کا یہ سرکاری دورہ پڑوسی ملک کے ساتھ ہندوستان کے دیرینہ دوستانہ اور باہمی تعاون کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مقصد سے ہو رہا ہے۔

جے شنکر ۱۶ سے ۱۸ ستمبر تک بھوٹان کے دورے پر ہیں۔ ان کی آمد پر بھوٹان کے وزیر خارجہ لائینپو ڈی این دھنگیل نے ان کا استقبال کیا۔ جے شنکر نے ایکس پر پوسٹ میں کہا، "آج پارو پہنچ کر بہت خوشی ہوئی۔

بھوٹان کے وزیر خارجہ لائینپو ڈی این دھنگیل کا پرتپاک استقبال کرنے پر شکریہ۔ ہمارے منفرد دوستانہ تعلقات کو آگے بڑھانے کیلئے ہونے والی ملاقاتوں کا منتظر ہوں۔" وزارت خارجہ کے مطابق جے شنکر اپنے دورے میں دھنگیل کے ساتھ دوطرفہ مذاکرات کریں گے۔ وہ بھوٹان کے بادشاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگچک سے شاہی ملاقات بھی کریں گے اور وزیر اعظم شیرنگ توبگے سے بھی ملاقات کریں گے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ یہ دورہ ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان باقاعدگی سے ہونے والے اعلیٰ سطحی تبادلوں کی روایت کے عین مطابق ہے اور اس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان قریبی دوستانہ اور باہمی تعاون کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ یاد رہے کہ ہندوستان اور بھوٹان نے سفارتی، ترقیاتی اور عوام پر مرکوز اقدامات کے ساتھ ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کو مسلسل وسعت دی ہے۔

## یورپی کمیشن کی چیف نے 13 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا پر پابندی کی تجویز پیش کردی



اسٹراسبرگ: یورپی کمیشن سوشل میڈیا کے استعمال پر سخت موقف اختیار کرنے کی تیاری کررہا ہے۔ کمیشن کی صدر ارسولا وان ڈیر لیین نے بدھ کو اسٹراسبرگ میں اپنے سالانہ اسٹیٹ آف دی یورپی یونین خطاب کے دوران 13 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا، آن لائن گیمز اور چیٹ بوٹس پر پابندی لگانے کی تجویز پیش کی۔

ارسولا وان ڈیر لیین نے کہا کہ وہ سمجھتی ہیں کہ بہت سے لوگ بگ ٹیک کی طاقت کو ضرورت سے زیادہ اور کم کرنا ناممکن سمجھتے ہیں۔ تاہم، وہ اس سے متفق نہیں ہیں۔ اے پی کی رپورٹ کے مطابق یورپی کمیشن کے صدر وان ڈیر لیین نے کہا کہ 13 سال سے کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا، آن لائن گیمز اور چیٹ بوٹس جیسی خدمات تک عام رسائی نہیں ہونی چاہیے۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں نشہ آور خصوصیات (ایڈیکٹیو فیچرز) کو قبول کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں یہ قبول کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ بچے اس سے بھی زیادہ انتہائی مواد کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ ارسولا وان ڈیر لیین نے کہا، ہمیں یہ قبول کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ لڑکیوں کی تصاویر کو اے آئی کے ذریعے تیار کردہ جنسی تصاویر (سیکشول امیج) بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ وان ڈیر لیین نے کہا کہ ان کی تجویز کے تحت 13 سے 15 سال کی عمر کے بچوں کو سرپرستوں کے ساتھ منی اکاؤنٹس دیے جائیں گے۔

یورپی یونین کے 27 رکن ممالک اب اس تجویز پر ووٹ دیں گے جس سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ تناؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔ ٹرمپ نے طویل عرصے سے یورپ کے ٹیک ریگولیشنز پر تنقید کی ہے۔

وان ڈیر لیین نے اپنے خطاب کا استعمال اس منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے کیا جس کا انہوں نے اس سال کے شروع میں خاکہ پیش کیا تھا جب انہوں نے کہا تھا کہ بچوں کو آہستہ آہستہ سوشل میڈیا سے متعارف کرایا جانا چاہیے۔ کمیشن کی تجویز نوجوانوں کو آن لائن محفوظ رکھنے کے طریقے کے بارے میں ایک بڑی عالمی بحث کا حصہ ہے۔

امریکہ میں، سوشل میڈیا کمپنی میٹا پلاٹ (MetaPlat) نے گزشتہ ماہ 18 بلین ڈالر تک ادا کرنے اور اپنے فیس بک اور انسٹاگرام پلیٹ فارمز پر بچوں کی سکیورٹی کے لیے سخت اقدامات پر عمل درآمد کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے تاکہ نوعمروں کے سوشل میڈیا کی لت سے متعلق جاری مقدمے کو حل کیا جا سکے۔

دوسری جانب، مختلف یورپی ممالک، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ جیسے دیگر مقامات نے نوجوانوں پر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی پابندی لگانے کے لیے اقدامات کیے

